## ایم کیوایم کے وفد کا ہنزہ جھیل سے متاثرہ علاقوں کا دورہ

## الطاف حسین کی جانب سے متاثرین کیلئے 20 لاکھ روپے امداد دی گئی

## وفد میں رابطہ کمیٹی کے رکن رضا ہارون، حق پرست ارکان قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین، سفیان یوسف اور مقامی عہدیداران بھی شامل تھے

ہنزہ۔۔۔25 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر رابطہ کمیٹی کے رکن اور حق پرست صوبائی وزیر رضا ہارون کی سربراہی میں ایک وفد نے عطا آباد جھیل سے متاثرہ علاقوں کا دورہ کیا اور ایم کیوایم کی جانب سے متاثرین کی امداد کیلئے 20 لاکھ روپے کی امداد دی گئی۔ وفد میں حق پرست ارکان قومی اسمبلی شیخ صلاح الدین، سفیان یوسف ایم کیوایم گلگت زون کے آرگنائزر ہدایت علی اور آرگنائزنگ کمیٹی کے دیگر اور ارکان بھی شامل تھے۔ وفد کے ارکان نے عطا آباد، سرٹ، آئین آباد، سلمان آباد اور ششکٹ اور گوجال میں قائم متاثرین کے کیمپوں کا دورہ کیا اور متاثرین کو درپیش مسائل سنے، اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے متاثرین کی امداد کے لئے 20 لاکھ روپے امداد دی۔ جناب الطاف حسین کی جانب سے متاثرین سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ متاثرین نے گفتگو کرتے ہوئے کہ ایم کیوایم کے وفد کو آبادکاری کے حوالہ سے معاوضہ، بچوں کے اسکول کی فیس، غذائی قلت، علاج، ومعالجہ کی سہولیات اور دیگر مسائل سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ صرف ششکٹ کے مقام پر ہزاروں کنال اراضی اور 133 گھرانے بری طرح سے متاثر ہوئے ہیں جبکہ مجموعی طور پر اربوں روپے کا نقصان ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 4 ماہ گزر جانے کے باوجود گلگت بلتستان کی حکومت کی جانب سے حادثے کی روک تھام کیلئے مناسب اقدامات نہیں کئے۔ متاثرین نے جناب الطاف حسین کی جانب سے لاکھوں روپے کے امدادی سامان اور نقد رقم کی فراہمی پر ایم کیوایم سے دلی تشکر کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین واحد رہنماء ہیں جو اپنی جیب سے متاثرین کی عملی مدد کررہے ہیں۔ رضا ہارون نے متاثرین سے دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں ایم کیوایم کی جانب سے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ جاں بحق ہونے والے افراد کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی کی اور ہنزہ متاثرین کے لئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے امدادی سرگرمیوں کا جائزہ بھی لیا۔

## ہنزہ متاثرین کو گلگت کی قیمتی اراضی کے مساوی معاوضہ دیا جائے۔ رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔25 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ ہنزہ متاثرین کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کئے جائیں اور ان کے جائز مطالبات تسلیم کئے جائیں۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ہنزہ جھیل کے سانحہ سے متاثرین شدید مالی بحران کا شکار ہیں اور اپنی عمر بھر کی پونجی سے محروم ہوگئے ہیں۔ رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا کہ متاثرین کو گلگت کی قیمتی اراضی کے مساوی معاوضہ دیا جائے تاکہ وہ دوسری جگہ اتنی ہی زمین خرید سکیں، جو کہ ان کی تھی ان کے بچوں کے اسکول کی فیس معاف کی جائے بالخصوص پرائیوٹ اسکول کے مالکان، متاثرین کی دل کھول کر مدد کریں۔ رابطہ کمیٹی نے صدر آصف علی زرداری اور وزیراعظم سید یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ سانحہ ہنزہ جھیل کی مکمل عدالتی تحقیقات کرائی جائے اور اس کے ذمہ داروں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن نے ہنزہ متاثرین کیلئے 4 ٹرکوں پر مشتمل امدادی سامان کی تیسری کھیپ روانہ کردی

## امدادی کھیپ میں لاکھوں روپے مالیت کی غذائی اجناس، ادویات اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء شامل ہیں

## خدمت خلق فاؤنڈیشن شروع دن سے ہی بلاتفریق دکھی انسانیت کی بڑھ چڑھ کر خدمات کررہا ہے، اراکین رابطہ کمیٹی

کراچی ۔۔۔23 مئی 2010ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن نے ہنزہ متاثرین کیلئے 4 ٹرکوں پر مشتمل امدادی سامان کی تیسری کھیپ روانہ کردی ہے۔امدادی سامان کی یہ کھیپ اتوار کی صبح خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع کراچی سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنورنوید جمیل، سلیم تاجک، افتخار اکبر رندھاوا اور ڈاکٹر علی حسین نے اپنی نگرانی میں روانہ کی۔امدادی کھیپ میں لاکھوں روپے مالیت کی غذائی اجناس، کمبل، خیمے، لحاف، ملبوسات اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء بڑی مقدار میں شامل ہیں۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں ہنزہ متاثرین کی امداد کیلئے لگائے گئے مرکزی کیمپ کا دورہ کیا اور یہاں امدادی اشیاء جمع کرانے والے افراد کا خیرمقدم کیا اوران کے جذبے کو سراہا۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن شروع دن سے ہی بلاتفریق دکھی انسانیت کی بڑھ چڑھ کر عملی خدمت کررہا ہے، سونامی، ایران کے شہر بام اور آزاد کشمیر سمیت صوبہ پختونخوا میں آنے والے قیامت خیز زلزلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی عملی خدمات نمایاں رہی ہیں جس کے اعتراف میں اسے حکومتی سطح پر ایوارڈ سے بھی نوازا گیا ہے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں امدادی سرگرمیاں انجام دینے والے رضا کاروں کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا

## ہنزہ نگر کے متاثرین کیلئے فوری طور پر امدادی پیکج کا اعلان کیا جائے۔الطاف حسین

## ہنزہ گوجال کی متاثرہ مائیں، بہنیں، بچے، بزرگ اور نوجوان کئی دنوں سے کیمپوں میں پڑے ہیں لیکن ان کیلئے کسی بھی قسم کے ریلیف پیکج کا اعلان نہیں کیا گیا۔ہنزہ نگر کی متاثرہ ماؤں، بہنوں، بچوں اور بزرگوں سے الطاف حسین کا اظہار یکجہتی

لندن۔۔۔ 22 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ہنزہ نگر کے متاثرین کی حالت زار پر دلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ہنزہ گوجال کے متاثرین کیلئے فوری طور پر امدادی پیکج کا اعلان کیا جائے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ لینڈ سلائیڈنگ اور مصنوعی جھیل کے باعث بے گھر ہونے والے ہنزہ گوجال کی متاثرہ مائیں، بہنیں، بچے، بزرگ اور نوجوان گزشتہ کئی دنوں سے کیمپوں میں پڑے ہیں اور کسمپرسی کی حالت میں مبتلا ہیں لیکن ابھی تک ان متاثرین کیلئے کسی بھی قسم کے ریلیف پیکج کا اعلان نہیں کیا گیا ہے جسکے باعث متاثرین میں شدید بے چینی پائی جاتی ہے۔جناب الطاف حسین نے ہنزہ نگر کی متاثرہ ماؤں، بہنوں، بچوں اور بزرگوں سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا اور حکومت سے مطالبہ کیا کہ ہنزہ نگر کے متاثرین کی ہنگامی بنیادوں پر امداد کی جائے اور متاثرین کیلئے فوری ریلیف پیکج کا اعلان کیا جائے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے ہنزہ متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیاں جاری ہیں

## الطاف حسین کی اپیل پر ہنزہ متاثرین کی امداد کیلئے عوام اور مخیّر حضرات بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں امدادی سرگرمیوں کے باعث گہما گہمی

کراچی۔۔۔22 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے ہنزہ متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری ہے۔امدادی سرگرمیوں کے سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع ایس ٹی 7 فیڈرل بی ایریا بلاک 14 میں لگائے گئے مرکزی امدادی کیمپ میں عوام اور مخیّر حضرات قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر ہنزہ متاثرین کی امداد کیلئے بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہے ہیں اور امدادی سامان، نقد عطیات اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء بڑی مقدار میں جمع کرارہے ہیں۔ہنزہ متاثرین کی امدادی سرگرمیوں کے باعث خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں گہما گہمی دکھائی دے رہی ہے۔واضح رہے کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کراچی سے ہنزہ متاثرین کیلئے

لاکھوں روپے مالیت پر مشتمل امدادی سامان کی دوکھیپ روانہ کی جا چکی ہیں جنہیں متاثرین میں تقسیم بھی کر دیا گیا ہے جبکہ اسی طرح خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت امدادی سرگرمیوں کے سلسلے میں ایک کھیپ گزشتہ روالپنڈی سے بھی روانہ کی گئی ہے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے عوام اور مخیّر حضرات سے اپیل کی کہ وہ ہنزہ متاثرین کی امدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں اور خدمت خلق فاؤنڈیشن سے بھرپور تعاون کریں۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے ہنزہ متاثرین کیلئے تین ٹرکوں پر مشتمل امدادی سامان کی دوسری کھیپ روانہ کر دی گئی
## امدادی کھیپ میں لاکھوں روپے مالیت کی غذائی اجناس، خیمے، کمبل، ادویات اور روزمرہ استعمال کی اشیاء شامل ہیں
## دکھی انسانیت کی بلاتفریق اور بڑھ چڑھ کر خدمت کرنا خدمت خلق فاؤنڈیشن کا شعار رہا ہے، ارکان رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔21، مئی 2010ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ہنزہ متاثرین کیلئے تین ٹرکوں پر مشتمل امدادی سامان کی دوسری کھیپ روانہ کر دی گئی ہے۔یہ امدادی کھیپ جمعہ کی صبح خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر سے ہنزہ کے متاثرہ علاقوں کیلئے روانہ کی گئی ۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب احمد بخاری اور افتخار اکبر رندھاوا نے اپنی نگرانی میں امدادی کھیپ پی آئی اے کارگو کراچی کیلئے روانہ کی۔امدادی سامان کی دوسری کھیپ میں لاکھوں روپے مالیت کی غذائی اجناس، خیمے، کمبل، ادویات اور روزمرہ استعمال کی اشیاء بڑی مقدار میں شامل ہیں۔اس موقع پر امدادی سرگرمیوں میں مصروف رضا کاروں سے بات چیت کرتے ہوئے رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ دکھی انسانیت کی بلاتفریق اور بڑھ چڑھ کر خدمت کرنا خدمت خلق فاؤنڈیشن کا شعار رہا ہے اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر گلگت ہنزہ متاثرین کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیاں دکھی انسانیت کی عملی خدمت کا منہ بولتا ثبوت ہے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے امدادی سرگرمیوں میں مصروف رضا کاروں کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے زبردست خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت اللہ تعالیٰ کے نزدیک بڑی عبادت ہے۔

## وادی ہنزہ جھیل کے متاثرین کی بھرپور امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیاں تیزی سے جاری
## عوام اور مخیّر حضرات ہنزہ متاثرین کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی کیمپوں میں امدادی سامان جمع کرائیں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔20، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے وادی ہنزہ کے متاثرین کی بھرپور امداد کیلئے امدادی سرگرمیاں ہنوز جاری ہیں جبکہ ہنزہ متاثرین کو طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کی ایک ٹیم آئندہ متاثرہ علاقے میں روانہ کی جائے گی جو متاثرین کو علاج ومعالجہ کی سہولیات بھی فراہم کرے گی۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیوں کے آٹھویں روز بھی حق پرست عوام اور مخیّر حضرات نے بڑی تعداد میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر رابطہ کیا اور بھاری مقدار میں نقد عطیات، اشیائے خورد ونوش، اشیائے صرف اور ادویات جمع کرائی جبکہ مختلف سیاسی، سماجی اور عوامی حلقے خصوصاً مخیّر حضرات صنعتکار، تاجروں اور ملز مالکان سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے وادی ہنزہ جھیل متاثرین کی امداد سرگرمیوں کو انتہائی قدر کی نگاہ سے دیکھ رہے ہیں اور اپنی بساط کے مطابق امدادی اشیاء اور نقد عطیات جمع کروا رہے ہیں۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے ملک بھر کے عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے اپیل کی کہ وہ وادی ہنزہ کے متاثرین کی بھرپور امداد کیلئے ایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن سے بھرپور تعاون کریں اور دکھی انسانیت کی خدمت میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عوام کراچی، حیدرآباد اور صوبہ پنجاب میں قائم خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی کیمپوں میں غذائی اجناس، کمبل، خیمے اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء زیادہ سے زیادہ تعداد میں جمع کرائیں۔

## وادی ہنزہ جھیل کے متاثرین کی بھرپور امداد کیلئے کے کے ایف کی امدادی سرگرمیوں کا دائرہ کار وسیع کیا جائے گا

## کراچی کے بعد حیدرآباد اور صوبہ پنجاب میں بھی ہنزہ متاثرین کیلئے امدادی کیمپ لگائے جائیں گے

## ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی طبی ٹیم بھی ہنزہ متاثرین کو طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے روانہ کی جائے گی

## عوام اور مخیّر حضرات وادی ہنزہ متاثرین کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی کیمپوں میں امدادی سامان جمع کرائیں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔18، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے وادی ہنزہ کے متاثرین کی بھرپور امداد کیلئے امدادی سرگرمیوں کا دائرہ کار کراچی کے بعد حیدرآباد اور صوبہ پنجاب تک وسیع کیا جارہا ہے اور اب کراچی کے بعد حیدرآباد اور صوبہ پنجاب میں بھی ہنزہ متاثرین کیلئے امدادی کیمپ لگائے جائیں گے۔ ہنزہ متاثرین کو طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے ایم کیو ایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے ڈاکٹرز، پیرامیڈیکل اسٹاف کے ارکان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضاکاروں کی ایک ٹیم متاثرہ علاقے میں رواہ کی جائے گی جو متاثرین کو علاج ومعالجہ کی سہولیات بھی فراہم کرے گی۔ واضح رہے کہ ہنزہ متاثرین کی امدادی سرگرمیوں کے سلسلے میں کراچی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں مرکزی امدادی کیمپ گزشتہ چار روز سے قائم ہے جہاں لاکھوں روپے مالیت کی امدادی غذائی اجناس جمع کی جارہی ہے جبکہ امدادی اشیاء کی پہلی کھیپ متاثرہ علاقے میں روانہ بھی کی جاچکی ہے۔ دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے ملک بھر کے عوام بالخصوص مخیّر حضرات سے اپیل کی کہ وہ وادی ہنزہ کے متاثرین کی بھرپور امداد کیلئے ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن سے بھرپور تعاون کریں اور دکھی انسانیت کی خدمت میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔ رابطہ کمیٹی نے کہا کہ عوام کراچی، حیدرآباد اور صوبہ پنجاب میں قائم خدمت خلق فاؤنڈیشن کے امدادی کیمپوں میں غذائی اجناس، کمبل، خیمے اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء زیادہ سے زیادہ تعداد میں جمع کرائیں۔

## ایم کیو ایم کے تحت ہنزہ متاثرین کی امداد کیلئے امدادی سامان پر مشتمل ٹرک روانہ کردیا گیا

## الطاف حسین نے وادی ہنزی کے متاثرین کی امدادی سرگرمیوں کو وسعت دیدی ہے، حیدر عباس رضوی

راولپنڈی۔۔۔18، مئی 2010ء

متحدہ قومی موومٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب ہنزہ متاثرین کی امداد کیلئے ایم کیو ایم اپر پنجاب زون راولپنڈی کے زونل آفس سے امدادی سامان پر مشتمل ٹرک روانہ کردی گئی ہے ہنزہ متاثرین کی امداد کیلئے ایم کیو ایم راولپنڈی زونل آفس کو امدادی بیس کیمپ میں تبدیل کردیا گیا ہے۔ امدادی سامان پر مشتمل ٹرک منگل کے روز قومی اسمبلی میں ایم کیو ایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈر سید حیدر عباس رضوی اور ایم کیو ایم اپر پنجاب زون کے زونل انچارج زاہد ملک نے اپنی نگرانی میں روانہ کیا۔ امدادی سامان میں غذائی اجناس، خیمے، کمبل اور دیگر ضروریات زندگی کی اشیاء بڑی مقدار میں شامل ہیں۔ امدادی سامان کے ٹرک کی روانگی کے موقع پر میڈیا کے نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے حیدر عباس رضوی نے کہا کہ ایم کیو ایم کو آزاد کشمیر اور صوبہ خیبر پختونخواہ میں آنے والے تباہ کن زلزلے کے بعد متاثرہ علاقوں میں کام کرنے کا تجزبہ حاصل ہوا ہے اور ہم اسی تجربے کو استعمال میں لاتے ہوئے وادی ہنزہ کے متاثرین کی بھی بھرپور امداد کرنا چاہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پر وادی ہنزی کے متاثرین کی امدادی سرگرمیوں کو وسعت دیدی گئی ہے اور اس حوالے سے حیدرآباد اور پورے پنجاب میں امدادی کیمپس قائم کئے جائیں گے جبکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ہنزہ متاثرین کی امداد کیلئے 10 لاکھ روپے کی امداد دے چکے ہیں۔ انہوں نے اہل پنجاب سے اپیل کی کہ وہ وادی ہنزہ میں بننے والی جھیل کے متاثرین کیلئے دل کھول کر عطیات دیں اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے کیمپوں میں زیادہ سے زیادہ امدادی اشیاء اور ضروریات زندگی کا سامان جمع کرائیں تاکہ متاثرین کی بھرپور اور مربوط طریقے سے امداد کو یقینی بنایا جاسکے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن میں ہنزہ کی مصنوعی جھیل کے متاثرین کی امداد کیلئے امدادی سامان جمع کروانے کا سلسلہ پیر کے روز بھی جاری

## عوام و مخیّر حضرات کی جانب سے بھاری مقدار میں اشیائے خورد ونوش اور نقد عطیات جمع کروائے گئے

## متاثرین کی امداد کیلئے عوام و مخیّر حضرات زیادہ سے زیادہ عطیات اور اشیائے خورد ونوش جمع کرائیں، رابطہ کمیٹی کی اپیل

کراچی ۔۔۔17 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر ایم کیو ایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت گلگت ہنزہ کے علاقے عطاء آباد، ششکٹ، آئین اور گلگت کے متاثرین کی امداد و بحالی کیلئے امدادی اشیاء اور نقد عطیات جمع کرنے کا کام جاری ہے۔اس سلسلے میں پیر کے روز بھی مختلف شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد خصوصاً مخیّر حضرات تاجروں، صنعت کاروں اور ملز مالکان نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا بلاک 14 آکر بھاری مقدار میں اشیائے خورد نوش ،ادویات اور روز مرہ استعمال کی اشیائے صرف کے علاوہ نقد عطیات بھی جمع کرائے۔واضح رہے کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ہنزہ میں مصنوعی جھیل سے متاثرہ خاندانوں کیلئے اشیائے خورد ونوش اور روزمرہ استعمال کی اشیائے پر مشتمل امدادی سامان کی پہلی کھیپ اتوار کی شب پی آئی اے کارگو کے ذریعے روانہ کی جاچکی ہے جو آج کسی بھی وقت ہنزہ کے متاثرین میں تقسیم کی جائیگی۔دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے حق پرست عوام خصوصاً مخیّر حضرات تاجروں، صنعتکاروں اور ملز مالکان سے اپیل کی ہے کہ وہ قائد تحریک الطاف حسین کی اپیل پر گلگت ہنزہ کے علاقے عطاء آباد، ششکٹ، آئین اور گلگت کے متاثرین کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں زیادہ سے زیادہ امدادی سامان ونقد عطیات اور ادویات جمع کرائیں اور دکھی انسانیت کی مدد کریں۔

## کے کے ایف کے صدر دفتر میں ہنزہ متاثرین کی امداد کیلئے امدادی سرگرمیاں جاری ہیں

## امدادی کیمپ میں مختلف قومیتوں، برادریوں کے افراد اور مخیّر حضرات نے امدادی اشیاء اور نقد رقوم جمع کرائیں

## کے کے ایف کی امدادی سرگرمیاں ثابت کرتی ہیں کہ انسانیت کی عملی خدمت ہی کے کے ایف کا نصب العین ہے،عطیات جمع کرانے والے لوگوں کے تاثرات

کراچی ۔۔۔16 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت ہنزہ میں بننے والی مصنوعی جھیل کے متاثرین کی بھرپور امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں لگائے گئے امدادی کیمپ میں غذائی اجناس، نقد ہر قوم اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء جمع کرائے جانے کا سلسلہ جاری ہے۔اس سلسلے میں قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں مختلف قومیتوں، برادریوں کے افراد اور مخیّر حضرات نے امدادی اشیاء اور نقد رقوم متاثرین ہنزہ کیلئے جمع کرائی اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے انسانیت کی خدمت کے عملی جذبہ کو سراہا۔امدادی کیمپ میں رضا کار اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے عہدیداران صبح 9 بجے سے رات 9 بجے تک ہنزہ متاثرین کیلئے امدادی اشیاء جمع کر رہے ہیں جبکہ ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کی جانب سے بھی متاثرین کی امداد کیلئے جاری سرگرمیوں کا جائزہ لیا جارہا ہے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں امدادی اشیاء جمع کرانے کیلئے آنے والے افراد نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن انسانیت کی خدمت کے عمل میں سب سے آگے ہے اور اس کی جانب سے متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیاں جاری رکھنا احسن اقدام ہے جسے ہر سطح پر قابل تعریف عمل قرار دیا جانا چاہئے۔ان کا کہنا تھا کہ سیلاب، قحط، خشک سالی، طوفانی بارش اور وبائی امراض میں مبتلا متاثرین کو طبی سہولیات اور امداد کی فراہمی خدمت خلق فاؤنڈیشن کا شعار رہا ہے اور ہنزہ جھیل کے متاثرین کی بھرپور امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی امدادی سرگرمیاں ثابت کرتی ہے کہ انسانیت کی عملی خدمت ہی خدمت خلق فاؤنڈیشن کا نصب العین ہے۔

## گلگت ہنزہ کے علاقوں میں مصنوعی جھیل سے متاثرہ افراد کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت لاکھوں روپے مالیت کی پہلی کھیپ پی آئی اے کارگو کے ذریعے روانہ کردی گئی

کراچی ۔۔۔16 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر گلگت ہنزہ کے علاقے عطاء آباد، ششکٹ، آئین اور گلگت کے متاثرین کیلئے لاکھوں روپے مالیت کے امدادی سامان کی پہلی کھیپ اتوار کی شب پی آئی اے کارگو کے ذریعے روانہ کردی گئیں۔امدادی سامان ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری ایڈووکیٹ، سلیم تاجک، شاہد لطیف، توصیف خانزادہ اور کنور نوید جمیل نے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر سے اپنی نگرانی میں ٹرکوں میں لوڈ کروا کر ائیرپورٹ کیلئے روانہ کیا۔اس موقع پر ان کے ہمراہ ایم کیو ایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے ارکان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کار بھی تھے۔امدادی سامان ٹرکوں کے ذریعے اسلام آباد کارگو کیلئے کراچی ایئرپورٹ

پہنچایا جائے گا اور وہاں سے تمام سامان گلگت، ہنزہ میں متاثرہ علاقوں میں مصنوعی جھیل کے متاثرین میں تقسیم کیا جائے گا۔امدادی سامان میں غذائی اجناس کے سینکڑوں پیکٹس ہیں جس میں ایک ماہ کا مکمل سامان آٹا، چاول، شکر، مختلف اقسام کی دالیں، خشک دودھ، چائے کی پتی، گرم مصالحہ جات، مرچ مصالحہ، نمک، اشیائے صرف ماچس، صابن، موم بتی شامل ہیں جبکہ روزمرہ استعمال اشیاء میں واٹر کولر اور تکیوں کے علاوہ گرم ملبوسات خصوصاً کمبل اور جیکیٹس کے علاوہ دیگر چیزیں شامل ہیں جس کی مجموعی مالیت لاکھوں روپے سے زائد بنتی ہے۔واضح رہے کہ ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر گلگت ہنزہ میں بننے والی مصنوعی جھیل کے متاثرین کی بھرپور امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں لگائے گئے امدادی کیمپ میں غذائی اجناس، نقدم رقوم اور ضروریات زندگی کی دیگر اشیاء جمع کرائے جانے کا سلسلہ جاری ہے۔

## رابطہ کمیٹی کے ارکان شعیب بخاری، واسع جلیل اور سلیم تاجک نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کا دورہ کیا
## وادی ہنزہ کے متاثرین کیلئے قائم مرکزی امدادی کیمپ میں پیکنگ کے کاموں میں مصروف رضا کاروں سے ملاقات
## رابطہ کمیٹی کے ارکان نے امدادی اشیاء لیکر آنے والے افراد سے شکریہ کے ساتھ امدادی اشیاء وصول کیں

کراچی۔۔۔15 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر شعیب بخاری، رابطہ کمیٹی کے ارکان واسع جلیل اور سلیم تاجک نے گزشتہ روز خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر کا دورہ کیا اور یہاں وادی ہنزہ میں بننے والی مصنوعی جھیل کے متاثرین کیلئے لگائے گئے مرکزی امدادی کیمپ کا دورہ کیا۔مرکزی امدادی کیمپ میں متاثرین کی امداد کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اپیل پر عوام کی جانب سے امدادی اشیاء اور نقد رقوم جمع کرائے جانے کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے جس میں غذائی اجناس، خشک دودھ کمبل، جیکٹس اور دیگر اشیائے ضرورت شامل ہیں۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے امدادی کیمپ میں امدادی اشیاء کی پیکنگ میں مصروف رضا کاروں سے ملاقات کی اور ان کے جذبہ خدمت کو سراہا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں امدادی اشیاء جمع کرانے والے افراد کا زبردست خیر مقدم کیا اور ان سے امدادی اشیاء شکریہ کے ساتھ وصول کیں۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر میں قائم کئے گئے ہنزہ متاثرین کے امدادی کیمپ میں عوام صبح 9 بجے سے رات 9 بجے تک امدادی اشیاء جمع کراسکتے ہیں۔بالخصوص مطلوبہ فون نمبر 36374882 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔

## وادی ہنزہ میں بننے والی مصنوعی جھیل سے متاثرہ خاندانوں کیلئے مزید موثر اور مثبت اقدامات کئے جائیں، رابطہ کمیٹی

کراچی۔۔۔15 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ وادی ہنزہ میں بننے والی مصنوعی جھیل کے متاثرین کے تحفظ اور ان کی آبادکاری کیلئے ٹھوس اور مثبت اقدامات کئے جائیں۔

ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ وادی ہنزہ میں بننے والی مصنوعی جھیل کے سبب ہزاروں خاندان نقل مکانی کرچکے ہیں ان متاثرین کی رہائش، کھانے پینے اور دیگر ضروریات زندگی پوری کرنے پر توجہ دینا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیو ایم وادی ہنزہ میں بننے والی جھیل کے متاثرین سے مکمل ہمدردی رکھتی ہے اور انسانیت کی خدمت کے جذبے کے تحت ہی اس کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن نے متاثرین کی امداد کیلئے سرگرمیاں شروع کردی ہیں جبکہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے متاثرین کی بحالی کیلئے 10 لاکھ روپے عطیہ دیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور گلگت بلتستان کے وزیراعلیٰ سید مہدی شاہ سے پرزور مطالبہ کیا کہ مصنوعی جھیل سے متاثرہ خاندانوں کی ہرممکن معاونت کی جائے اور اس سلسلے میں حکومتی سطح پر مزید موثر اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں۔

☆☆☆☆☆